نیوز ریلیز

البرٹا کووِڈ-19 پی سی آر ٹیسٹنگ پروگرام کو اَپ ڈیٹ کر رہا ہے

12 جولائی، 2022ء

البرٹا ان البرٹنز کے لئے کووِڈ-19 پی سی آر ٹیسٹنگ فراہم کرتا رہے گا جو شدید بیماری کے زیادہ تر خطرے میں ہیں اور جو زیادہ خطرے والی ماحولیات میں رہتے یا کام کرتے ہیں۔

18 جولائی سے، پی سی آر ٹیسٹنگ پروگرام میں کئی اہلیتی اور عملیاتی تبدیلیاں عمل میں آئیں گی۔ طبّی علاج کی اطلاع دینے کی خاطر ٹیسٹوں کے لئے طبّی پیشہ ور سے حوالہ درکار ہوگا اور ٹیسٹنگ کے کچھ مقامات تبدیل ہو جائیں گے۔

"ہم سانس کے دیگر وائرسوں سے نمٹنے کیلئے جو بنیاد ہمارے پاس موجود ہے اس پر استوار کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ ہمارے پی سی آر ٹیسٹنگ پروگرام کی یہ اَپ ڈیٹس البرٹنز کے طبّی گھروں کے قریب نگہداشت کو آسان بنانے میں مدد کرتی ہیں، ہمیں البرٹا کی ٹیسٹنگ کی صلاحیت کو ان لوگوں کی طرف لے جانے کی اجازت دیتی ہیں جو سب سے زیادہ خطرے میں ہیں، اور صحت کی نگہداشت کرنے والے کچھ ورکروں کو جو پچھلے دو سالوں سے تشخیصی مراکز میں تعینات ہیں، دیگر صحت کی خدمات کی مدد کیلئے اپنے معمول کے کردار پر واپس آنے کی اجازت دیتی ہیں۔"

جیسن کوپنگ (Jason Copping)، وزیرِ صحت

"موسم گرما کے دوران اور موسم خزاں میں، البرٹا انفلوئنزا جیسے سانس کے دیگر وائرسوں کی بڑھتی ہوئی منتقلی کے ساتھ ساتھ کووِڈ-19 کی لہروں کے جاری رہنے کی توقع کر سکتا ہے۔ میں البرٹنز کو علامات کی نگرانی، بیمار ہونے پر گھر میں رہنے اور علاج کے اہل افراد کے لئے، بیمار ہونے پر تیزی سے یا پی سی آر ٹیسٹنگ تک رسائی کی اہمیت کے بارے میں یاد دلانا چاہوں گی۔"

ڈاکٹر ڈینا ہِنشا (Dr. Deena Hinshaw)، چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ

البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) کا تشخیصی ٹُول اور ٹیسٹنگ کے مقامات

اے ایچ ایس آن لائن اسیسمینٹ ٹُول کا استعمال ان لوگوں کے لئے اے ایچ ایس سائٹس پر اپوائنٹمینٹس بک کروانے کے لئے جاری رہے گا جو اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں، زیادہ خطرے والی ماحولیات میں رہتے ہیں یا کام کرتے ہیں، یا جنہیں کوئی میڈیکل پیشہ ور حوالہ دے کر بھیجتا ہے۔

اے ایچ ایس کچھ تشخیصی مراکز پر پی سی آر ٹیسٹنگ کی پیشکش جاری رکھے گا۔ ٹیسٹنگ اے ایچ ایس کلینکس میں ہوگی جنہیں سوابنگ سائٹس کے طور پر مقرر کیا گیا ہے، جو دیگر خدمات کے ساتھ مربوط ہیں۔

جہاں علاج کے فیصلوں سے آگاہ کرنے کیلئے ٹیسٹنگ کی ضرورت ہوتی ہے، وہاں بنیادی نگہداشت اور فوری نگہداشت کی کلینکس سائٹ پر ٹیسٹنگ کروانے کا انتخاب کر سکتی ہیں یا اے ایچ ایس کے کسی مقام پر بھیج سکتی ہیں۔

طبیب عملی (Clinician) کے حوالے کے ذریعے اہلیت

18 جولائی سے، البرٹنز جن کو اپنی نگہداشت کے بارے میں بتانے کیلئے پی سی آر ٹیسٹنگ کی ضرورت پڑے گی، انہیں کسی کلینشین سے ریفرل کی ضرورت ہوگی۔ اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- علامات والے لوگ جو آؤٹ پیشینٹ علاج (Paxlovid یا Remdesivir) کے اہل ہو سکتے ہیں۔
- علامات والی خواتین جو حاملہ ہیں۔
- جن لوگوں کو ان کی طبّی تشخیص کے حصے کے طور پر ٹیسٹنگ کے لئے بھیجا گیا ہو۔

طبیب عملی اپنے مریضوں کے لئے بہترین ٹیسٹنگ آپشن کا تعین کریں گے، جس میں گھر پر یا کلینک میں، پی سی آر ٹیسٹنگ کے لئے لیبارٹری کو بھیجے گئے نمونے کے ساتھ ان کلینک سوابنگ یا ٹیسٹنگ کی خاطر اے ایچ ایس سائٹ کیلئے ریفرل شامل ہوسکتا ہے۔

البرٹنز جنہیں ان کے معالج اے ایچ ایس سائٹ پر بھیجتے ہیں وہ اپنے معالج کا نام اسیسمینٹ ٹول میں درج کریں گے اور ان کا معالج ان کی طرف سے لیبارٹری کی درخواست جمع کروائے گا۔

البرٹنز جو آؤٹ پیشینٹ علاج کے اہل ہیں جن کا بنیادی نگہداشت فراہم کرنے والا نہیں ہے یا جو اپوائنٹمینٹ بک کروانے سے قاصر ہیں وہ ہیلتھ لِنک کو 1-844-343-0971 پر کال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

سیلف ریفرل کے ذریعے اہلیت

اہل البرٹنز جو زیادہ خطرے والی ماحولیات میں رہتے یا کام کرتے ہیں وہ اے ایچ ایس اسیسمینٹ ٹول کے ذریعے خود کو ریفر کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں :

- علامات والے لوگ جو الگ تھلگ اور دُور دراز علاقوں میں رہتے یا کام کرتے ہیں فرسٹ نیشن، انوئٹ اور میٹیس کمیونٹیز۔
- صحت کی نگہداشت اور مسلسل نگہداشت کرنے والے ورکرز اور زیادہ منتقلی کے خطرے والی مخصوص ماحولیات والے ورکرز جیسے کہ اصلاحی سہولیات اور پناہ گاہیں۔

الگ تھلگ اور دُور دراز کی فرسٹ نیشن، انوئٹ اور میٹیس کمیونٹیز میں رہنے والے یا کام کرنے والے افراد بھی اپنی کمیونٹی میں ٹیسٹنگ تک رسائی حاصل کرنے کے قابل رہیں گے۔

وہ افراد جو زیادہ منتقلی کے خطرے والی ماحولیات میں رہتے یا قیام کرتے ہیں وہ اپنے مقام پر آن سائٹ ٹیسٹنگ تک رسائی حاصل کرنا جاری رکھ سکیں گے۔

تیز رفتار ٹیسٹ

تمام البرٹنز کے لئے، تیز رفتار ٹیسٹ خود تشخیصی کیلئے ایک آسانی سے دستیاب ہونے والے اور آسان ٹُول ہیں۔ صوبے بھر میں سینکڑوں فارمیسیوں کے ذریعے تمام البرٹنز کیلئے مُفت ریپڈ ٹیسٹ کِٹس دستیاب ہیں۔

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 کی علامات اور ٹیسٹنگ
- اے ایچ ایس کا تشخیصی ٹُول

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)
780-288-1735
سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ

Classification: Public

ALBERTA'S RECOVERY PLAN

Alberta's Recovery Plan is a plan to breathe new life into Alberta's economy and create new opportunities for every Albertan. It's a plan to build, to diversify, and to create jobs.

Classification: Public